## 38355 ـ دوشوال کو روزہ رکھنا جائز ہے

**سوال**

کیا عید کےدوسرے یا تیسرے دن قضاء کا روزہ رکھنا جائز ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

عیدالفطر صرف ایک دن ہے جویکم شوال ہے ۔

لیکن لوگوں میں جویہ معروف ہوچکا ہے کہ عید الفطر تین دن ہوتی ہے ، صرف لوگوں میں ہی یہ معروف ہے جس پر کسی بھی قسم کا شرعی حکم منطبق نہیں ہوتا ۔

امام بخاری رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

عیدالفطر کے دن روزہ رکھنے کا باب :

پھر اس کے بعد انہوں نے ابوسعید رضی اللہ تعالی عنہ سے حدیث بیان کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عید الفطر اورعیدالاضحی کے دن روزہ رکھنے سے منع فرمایا ۔

دیکھیں صحیح بخاری حدیث نمبر ( 1992 ) ۔

تواس بنا پر عیدالفطر ایک ہی دن ہے جس میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ رکھنا حرام لیکن شوال کی دو یا تین تاریخ کو روزہ رکھنا حرام نہیں بلکہ رمضان کی قضاء یا دوسرے روزے رکھنا جائز ہیں ۔

واللہ اعلم .